© rasailojaraid.com



## تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

فکر و نظر خصوصی اشاعت: بر صغیر میں مطالعہ قرآن (اپریل / جون)

زیر ادارت: ڈاکٹر صاحبزادہ ساجد الرحمان۔ ضخامت: ۳۹۶ صفحات۔ قیمت: ۱۰۰ روپے

پتہ: شعبہ مطبوعات ادارہ تحقیقات اسلامی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

ادارہ تحقیقات اسلامی کے ڈائریکٹر جنرل محترم ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری صاحب نے بر صغیر میں مطالعہ قرآن کی کوششوں کا جائزہ لینے اور علمی حلقوں کو اس سے متعارف کرانے کیلئے ۲۸۔ اپریل تا یکم مئی ۹۷ء ادارہ تحقیقات اسلامی کے زیر اہتمام ایک چار روزہ سیمینار کا اہتمام کیا تھا جس میں ملک بھر کی جامعات دینی مدارس اور دیگر علمی حلقوں کے محققین نے کافی تعداد میں شرکت فرمائی تھی اور تقریباً تئیس (۲۳) مقالات پڑھے گئے تھے۔ زیر تبصرہ مجلّہ ان تئیس مقالات میں سے ۱۶ مقالات پر مشتمل ہے جس میں تین ابواب ہیں۔ باب اول علوم القرآن' باب دوم اردو تفاسیر اور مفسرین جبکہ تیسرا باب مخطوطات کے متعلق ہے۔

مضامین اور موضوعات کے عنوانات سے مجلّہ کی افادیت کا پتہ چلتا ہے۔ فاضل مقالہ نگاروں نے انتہائی عرق ریزی سے موضوع کی مطابق مباحث کا احتواء کیا ہے اور اس مجلّہ میں شامل ہر مقالہ قابل مطالعہ اور معلومات آفرین ہے۔ اصل کتاب کلام الٰہی تو عربی زبان میں نازل ہوئی چونکہ اس کے اولین مخاطبین عرب تھے اور عربی زبان کے علاوہ دنیا کی تقریباً تمام اہم زبانوں میں اس کی تفسیریں اور مختلف تراجم منصّہ شہود پر جلوہ گر ہوئیں۔ لیکن عربی کے بعد اگر یہ دعویٰ کیا جائے کہ قرآنی علوم و معارف کا بیش بہا ذخیرہ اردو زبان میں ہے تو یہ مبالغہ آرائی نہ ہوگی۔ زیر تبصرہ مجلّہ میں بر صغیر میں مطالعہ قرآن کے حوالہ سے اس موضوع پر گرانقدر مواد یکجا کیا گیا ہے جو کہ عدم القرآن میں ایک بیش بہا قیمت اضافہ ہے۔ خصوصی اشاعت کا یہ شمارہ تقریباً ۴۰۰ صفحات پر مشتمل ہے اور معنوی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ ظاہری حسن اور دیدہ زیب طباعت سے آراستہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



© rasailojaraid.com